جناب معین اختر: میڈم سپیکر! بہت شکریہ۔ حکومتی بنچوں کی طرف سے یہ بہت اچھی قرارداد آئی ہے کہ policy over war on terror کو review کیا جائے۔ پورے آٹھ سال تک یہ قوم چیختی رہی، لاشیں گرتی رہیں لیکن حکومت کو سمجھ نہیں آئی۔ اب جب American and NATO Forces نے اپنی ناکامی کا اعتراف کیا تو ان لوگوں کو خیال آیا کہ ہمیں بھی اپنی policy کو revive کر لینا چاہیے۔ جب Bush اقتدار میں آیا تو اس وقت Neo Cons کا دور وہاں پر شروع ہوا۔ ان Neo Cons کا American oil and weapon industry میں بہت strong share تھا۔ جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ demand and supply کا ایک concept ہے کہ اگر supply کی مقدار بڑھے تو اس کے لیے demand کو create کرنی پڑتی ہے، تو وہی ہوا۔ نئے محاذ کھولے گئے، ان کی weapon industry strong ہوئی، جو oil reserves تھے ان کے پاس گئے۔ میں یہاں پر ایک بات quote کرنا چاہتا ہوں کہ جنگ لڑے بغیر ، جیتے بغیر کوئی فاتح نہیں بن سکتا اور فاتح بننے کے لیے ضروری ہوتا ہے کہ کوئی جنگ لڑی جائے اور کوئی دشمن ہو۔ اگر کوئی دشمن سامنے نہ ہو تو دشمن کو تخلیق کرنا ضروری ہوتا ہے۔ یہی امریکہ نے کیا۔ اس وقت ان کے سامنے کوئی دشمن نہیں تھا انہوں نے ایک دشمن کو create کیا اور war on terror start کر دی جس کے نتائج آج تک ہم بھگت رہے ہیں۔ اگر ہم اپنیforeign policy میں پاکستان اور افغانستان کا ایک relation ہے اس کو دیکھیں تو ایک factor till from 1947لے کر آج تک بڑا important رہا ہے کہ مستحکم اور پرامن افغانستان پاکستان کے حق میں ہے۔ چاہے وہdemocratic government ہو یا کسی dictator کی حکومت ہو ہم نے ہمیشہ اسی پالیسی کو support کیا ہے لیکن جب war on terror start ہوئی تو اس وقت ہم نے اس جنگ میں کودنے کا فیصلہ کیا۔ ہم ان علاقوں کی روایات، رسم و رواج کو بھول گئے کہ یہ وہ علاقے، یہ وہ terrain ہے جو کہ graves of king کہلاتی ہے کہ یہاں پر جو بھی آیا وہ مرا ہی ہے۔ وہ یہاں پر مسلسل کبھی بھی حکمران نہیں رہ سکا ہے۔

میں war on terrorism اور اس کے crisis ہیں ان کی کچھ وجوہات بیان کرنا چاہوں گا۔ یہاں پر کچھ intangible factors تھے - میں پورے ایوان کی توجہ چاہوں گا کہ سب سے پہلے جو poverty کا factor وہ بہت important ہے، دوسرا conflict and humanitarian crisis ہے، تیسرا global security threats ہیں، چوتھا organize crimes ہیں، پانچواں reduce global prosperity ہے اور چھٹا Weakend international systems ہیں۔ Capitalism کی جب ہم بات کرتے ہیں ----

Madam Deputy Speaker: Honourable Member please wind up your speech.

جناب معین اختر: جی میڈم ابھی میں نے ان recommendations پر بات کرنی ہے۔ یہ بہت important topic ہے، ہم آٹھ سال سے اس آگ کے اندر جل رہے ہیں تو میں اس کو دو تین منٹوں میں ختم نہیں کر سکتا۔

Madam Deputy Speaker: We have the list of speakers either that should be short or you take the Resolution to the next day.

جناب معین اختر: میں کوشش کروں گا کہ جتنی جلدی ہو سکے اپنی بات ختم کر سکوں۔ Identity crisis ان علاقوں میں پیدا ہوئے ہیں۔ Ideological crisisوہ پیدا ہوئے ہیں۔ Rights violate ہوئے ہیں۔ اب میں کچھ Recommendations دینا چاہوں گا کہ پاکستان کی national security strategy کا تقاضا یہی ہے کہ یہاں پر military operations بند کئے جائیں، پاکستان کو military aid دی جائے۔ پاکستان کے ساتھ intelligence sharing کی جائے اور جو field operations ہیں وہ پاکستانی افواج کریں۔ ہم القاہدہ کے حق میں بالکل نہیں ہیں۔ القاہدہ کے جتنے factors ہیں ہم ان سے لڑنا چاہتے ہیں لیکن اس کے لیے یہ ضروری ہے کہ جو field operations ہوں گے وہ پاکستانی افواج یہاں پر کریں۔ ایک اور ضروری بات کہ non-violent movementکی تحریک یہاں کے لوگوں کو دینی چاہیے جیسے بارک اوبامہ وہ ایک social change کے ذریعے اقتدار میں آئے ہیں۔ ہمیں ان علاقوں کے لوگوں کو transform of the issue towards the dialogue پر لے کر آنا چاہیے کہ آپ table پر آئیں اور table پر آپ ہم سے وہ بھی لے سکتے ہیں جو آپ جنگ کے زریعے سے حاصل نہیں کر سکتے ہیں۔ اس کی میں مثال دوں گا کہ جو Cuban missile crisis ہوا تھا----

Madam Deputy Speaker: Sir please wind up the speech.

جناب معین اختر: جی اچھا۔ میں آخر میں اس کو sum up کرنا چاہوں گا کہ ہمارے tribal areas یہاں پر ایک نئے social contract کی ضرورت ہے جس میں ان کی روایات، ان کے قوانین کا خیال رکھا جائے۔ شکریہ میڈم سپیکر۔

Madam Deputy Speaker: Thank you. Honourable Imdad Ullah.

جناب امداد اللہ: شکریہ میڈم سپیکر! میں اس Resolution کے background میں تو نہیں جانا چاہتا جس کو میرے ایک فاضل ممبر نے بڑے اچھے طریقے سے cover کر دیا

ہے۔ ایک بات اس طرف سے کہی گئی کہ امریکہ کی وجہ سے ہمیں کوئی economic benefit نہیں ملا اور میں اس بارے میں توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ پاکستان کا GDP جب بھی 7% or above 7% گیا ہے تو وہ اس وقت گیا ہے جب امریکہ نے پاکستان کو direct aid دی ہے۔ یہ اس کا نتیجہ تھا کہ 7% or above 7% گیا ہے۔ اس لیے امریکہ ہمیں جو war on terror پر support کرتے ہیں اس کو ہم deny نہیں کر سکتے ہیں۔ دوسری بات یہ کہ ان کے ساتھ review کرنے کے لیے ہمیں اپنے strategic interests کو redefine کرنے کی ضرورت ہے جو کہ میں سمجھتا ہوں اور اس کے لیے بھی ہمیں ان کے برابر اٹھ کر آنا پڑے گا، ان کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات کرنی پڑے گی نہ کہ ایک طرف ہم ان سے بھیک مانگیں اور دوسری طرف ان سے کہیں کہ یہ ہمارے interests ہیں یہ ہمیں دے دیں اس طر ح کبھی بھی نہیں ہو گا۔

Madam Deputy Speaker: Thank you. Honourable Mohsin Saeed.

جناب محسن سعید: شکریہ سپیکر صاحبہ! میں مختصراً بات کروں گا۔ میں یہ کہنا چاہوں گا کہ اپنی جنگ وہ ہوتی ہے جس کے اہداف اور مقاصد واضح ہوں۔ جس میں مد مقابل کا چہرہ بے نقاب ہو اور جس کی صف بندی میں کوئی ابہام نہ ہو، جو جنگ اپنے شعوری فیصلے اور عوام کی تائید و حمایت کے ساتھ لڑی جاتی ہے، اس کو اپنی جنگ کہتے ہیں لیکن اگر ریاست کے کچھ عناصر وہ باد مخالف کے ساتھ مل جائیں اور حکومتی writ کو challengeکرنے لگیں تو اسوقت جو صورتحال ہوتی ہے وہ بے حد خطرناک ہو جاتی ہے۔ وہ وقت سیاستدانوں، حکمرانوں اور عوام کے لیے انتہائی نازک وقت ہوتا ہے اور اس میں فکر اور دانش کے ساتھ چارہ گری کے راستے تراشنا ہوتے ہیں۔ یہی وہ مقام ہوتا ہے جب ہتھیار کی زبان میں بات کرنے کی بجائے قوت کےذریعے سے سکہ جمانے کی جبلت پر قابو پانا ہوتا ہے۔ میں یہ کہوں گا کہ ایسی جنگوں کے اسباب اور محرکات کا تفصیلی جائزہ لینا ہو گا اور اگر آگ بھڑک رہی ہے تو اس کو ٹھنڈا کرنے کے لیے جو اس کا مرکز اور محور ہے اس پر ہمیں دیکھنا ہوگا۔ اگر پانی کے بند میں کوئی بہت بڑا سوراخ ہو جاتا ہے تو ہم پانی کی لہروں کو بڑے بڑے رسے ڈال کر قابو میں نہیں لاتے بلکہ جو پشتے کا سوراخ ہوتا ہے اس کو بند کرتے ہیں۔ فاٹا اور سوات کی جو جنگ تھی یہ ہر گز ہماری جنگ نہیں تھی۔ یہ امریکی سلیبی جنگ کے آتش فشاں کا وہ لاوہ تھا جو کابل کے اندر دھک رہا تھا۔ اب یہ ہمارے گھر کی دہلیز تک آ پہنچا ہے۔ میں یہ کہنا چاہوں گا کہ ایک طرف، طرف تماشا تو یہ ہے کہ افغانستان کے آگ کے سرچشمے پر ہم ان لوگوں کے معاون ہیں جو وہاں بھی آگ دھکا رہے ہیں اور دوسری طرف ہم فاٹا اور سوات کے اندر آگ بجانے کے آرزو مند بھی ہیں۔ ہمارے ایک ہاتھ میں پٹرول کا وہ کنستر ہے جو ہم اس آتش کدے پر پھینک رہے ہیں اور

دوسرے ہاتھ میں پانی کی بالٹی ہے جو ہم سوات اور فا ٹا کے آتش کدے پر ڈال رہے ہیں، اس کو ٹھنڈا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس بے تدبیری اور بے حکمتی کو ہم دہشت گردی کے خلاف جنگ نہیں کہہ سکتے۔

میڈم سپیکر صاحبہ! میں یہ کہنا چاہوں گا کہ آج تک اس جنگ سے ہمیں کیا ملا ہے؟ ہمارے دو ہزار سے زائد فوجی شہید ہوئے، کئ زیادہ زخمی ہوئے اور سینکڑوں کی تعداد میں معصوم شہری بھی ہلاک ہوئے ہیں۔ ہم کو پینتیس ارب ڈالر سے ذیادہ کا نقصان بھی ہوا۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ان علاقوں میں نہ تو کوئی خاص educational infrastructureہے اور نہ ہی کوئی صحت کی سہولتیں ہیں۔ نیچے سے پاکستان افواج ان کو مارتی ہے اوپر سے drone attacks ہوتے ہیں تو اس حوالے سے وہ لوگ کہاں جائیں گے۔ اگر ہم امن چاہتے ہیں تو ہم کو فوجی آپریشن بند کر کے dialogue کا راستہ اپنانا ہو گا۔ شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: Thank you. Honourable Khalil Tahir.

جناب خلیل طاہر: شکریہ میڈم سپیکر! اس موضوع پر بہت اچھی debate ہوئی۔ میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ history دیکھی جائے ۔ جب بھی امریکہ کو پاکستان میں مفادات ہوئے تو اس نے دوستی کا ہاتھ بڑھایا اور جب پاکستان کو اس کی ضرورت ہوئی تو اس نے ہمیشہ ہماری مخالفت کی۔ آپ 1965ء کی جنگ دیکھ لیں، 1971ء کی جنگ دیکھ لیں اس میں بنگلہ دیش کو support کیا۔ جب روس کے خلاف اس کو ہماری ضرورت تھی تو اس نے پاکستان کو support اس کے بعد جب F-16 جہازوں کی بات آتی ہے تو وہ ہم سے contract کر کے، ہمارے پیسے لے کر وہ واپس نہیں کرتا اور نہ ہی ہمیں جہاز دیتا ہے۔ اس نے ہمیشہ انڈیا کی حمایت کی ہے۔ اس سے نہ صرف ہمسائیوں سے ہمارے تعلقات خراب ہوئے، روس، چائنا اور اسلامی ممالک سے بلکہ ہمارا جو پرانا دشمن ہے اس سے بھی ہمارے تعلقات مذید خراب ہوئے۔ 2001ء میں ان کاself-created 9/11 attack تھا اس پر انہوں نے پاکستان کو استعمال کیا اور افغانستان کے خلاف پاکستان کو دوبارہ استعمال کرنے کےلیے انہوں نے ہمارے آدھے ملک میں آگ لگا دی اور اس آگ سے ہم نے اپنا بہت نقصان کیا۔ پاکستان کی معاشیات کو دیکھیں، آج یہاں پر foreign investorنہیں آتا کیونکہ پاکستان ایک دہشت گرد ملک ہے۔ ان کو پتا ہے کہ یہاں پر ان کا سرمایہ ڈوب جائے گا۔ tourists Pakistan میں نہیں آتے، ہمارے اپنے بھائی جو یہاں سے بیرون ملک گئے ہیں وہ واپس نہیں آتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ پاکستان میں جنگ لگی ہوئی ہے شاید ہم وہاں سے زندہ واپس آ سکیں یا نہ آ سکیں۔ ان چیزوں سے ہماری economy کو کتنا بڑا نقصان ہو رہا ہے۔ اگر وہ ہمیں کچھ امداد دیتے بھی ہیں تو اس کے عوض ہمارا بہت زیادہ نقصان ہو رہا ہے۔ سوات جو ایک خوبصورت علاقہ تھا، سیاحت کا ایک بڑا مرکز تھا اس کو نیست و نابود کر دیا گیا ہے۔ وہاں پر لوگ

جاتے نہیں ہیں۔ جب ہم نے اپنے ملک کو بچانے کے لیے ان طالبان سے مزاکرات شروع کیے اور سوات کے علاقے میں امن قائم کرنے کے لیے نفاذ شریعت کو قبول کیا تو انہوں نے اعتراض کیا جی کہ ان کی حمایت نہ کی جائے۔ آپ تو وہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں مگر ہمیں اپنا ملک بھی بچانا ہے، یہ ہمارے بھائی ہیں، یہ ہمارے ملک کے شہری ہیں۔ ان کو تحفظ دینا بھی ہمارے ملک کا حق ہے۔ اس لیے ہماری حکومت کو چاہیے especially وہ امریکہ کے ساتھ اپنے تعلقات کو review کرے۔ انہیں یہ بات باور کروائیں کہ جناب ہم آپ کی خاطر اپنے ملک کو تقیسم نہیں کروا سکتے، ہم آپ کی خاطر اپنے شہریوں کو نہیں مروا سکتے۔ میری موجودہ حکومت سے یہ عرض ہے کہ جب ہمارا ملک طالبان کے ساتھ U.S.A. کی جنگ لڑ رہاتھا تو انڈیا نے ممبئی میں خود ساختہ شودر کاسٹ lower درجے کی جو community تھی انہوں نے وہ بم خود blast کیے اور اس کا الزام پاکستان پر لگایا اور امریکہ نے بجائے پاکستان کا ساتھ دینے کے اس نے انڈیا کا ساتھ دیا۔ میں حکومت سے یہ مطالبہ کرتا ہوں کہ وہ ان تعلقات پر نظر ثانی کرے۔

An Honourable Member: Madam Deputy Speaker! Point of Order I must lament the racist remarks of the fellow member.

Madam Deputy Speaker: They were not racist remarks that was more of a comparison.

ایک معزز رکن: میڈم سپیکر صاحبہ! انہوں نے شودر کاسٹ کو mention کیا if their investigation team is from Shooders so, that should not matter to us.

Madam Deputy Speaker: Can you repeat what you are saying.

ایک معزز رکن: ان کا کہنا یہ تھا کہ انہوں نے شودر کاسٹ سے investigation کروا کر اپنی ایک خود ساختہ رپورٹ تیار کی - ان کو شودر کاسٹ کو mention نہیں کرنا چاہیے تھی۔ ان کی investigation team میں جو بھی ہوں we are okay with that.

Madam Deputy Speaker: Can you clarify this Mr. Khalil Tahir.

جناب خلیل طاہر: میڈم میرا کہنے کا مطلب یہ نہیں تھا۔ میں نے یہ کہا تھا کہ وہاں پر جو چھوت چھات کا نظام ہے، وہاں پر جو نچلے درجے کے لوگ ہیں ان لوگوں کو اپنے ملک میں حقوق نہیں دیے جاتے، وہ احساس محرومی کا شکار ہیں، وہ لوگ اس طرح کی دہشت گردی کی کارروائی کرتے ہیں۔ انہوں نے یہ کارروائی کی مگر الزام پاکستان پر لگ گیا کہ یہ سرا سر جھوٹا الزام ہے۔ میں نے یہ بات کی ہے۔ یہ پتا نہیں کیا سمجھے ہیں۔

Madam Deputy Speaker: Please sit down Mr. Khalil Tahir.

Mr. Rahim Bukhsh Khetaraan: Madam Point of order.

Madam Deputy Speaker: Yes Khetarran Sahib.

جناب رحیم بخش کھیتران: میرے فاضل دوست کو اس طر ح کے remarks نہیں دینے چاہییں کہ وہاں پر شودر لوگوں نے یہ کارروائیاں کی ہیں۔ ہم مسلمان ہیں، ہم انسانیت کی قدر کرتے ہیں اور ہماری نظر میں سب برابر ہیں۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: ان کا مقصد کسی کو degrade کرنا نہیں تھا۔ Please take it positively, وہ صرف comparison کر رہے تھے and he was telling that they deprived people ایک مثال quote کر رہے تھےکہ deprived people ایسا کرتے ہیں اور پھر وہ یہ کہہ رہے ہیں کہ وہ بھی غلط الزام لگایا جاتا ہے۔ جی ضمیر صاحب۔

جناب ضمیر احمد ملک: میڈم ذات پات کا نظام انڈیا میں ہے تو اگر کسی کا نام لے لیا جائے تو .its not bad

Madam Deputy Speaker: That was just a comparison. Honourable Mir Fahad Iqbal.

Mir Fahad Iqbal: Thank you Madam Speaker! I think it's a high time that we should review of policy towards war on terror.

یہ ایک اچھا Resolution آیا ہے، مگر یہ پالیسی ہمیں بہت پہلے ہی واپس لے لینی چاہیے تھی کیونکہ alreadyہم اس میں $12 billion لے چکے ہیں امریکہ سے۔ اس میں اب اچانک reverseکرنا میرے خیال سے ممکن نہیں ہے مگر آہستہ آہستہ اس کی طرف جا سکتے ہیں دوبارہ سے اس پالیسی کو ایک صحیح راستہ پر لانے کے لیے۔ اس پالیسی کی وجہ سے ہمیں اتنے setbacks ہوئے ہیں کہ اگر ہم ان کو calculate کرنے بیٹھیں تو اتنے زیادہ ہیں کہ جتنی ہمیں امداد ملی ہے وہ شاید کافی نہ ہو۔ Economic setbacks, socially we have loss a lot. دوسرا important point یہ ہے کہ جب militants کے ساتھ negotiate کیا جائے کہ جب وہ .ready to lay down their arms جو وہاں کے لوگ ہیں یہ ان کی values کے against ہے کہ ہم ان کو بولیں کہ پہلے آپ اپنے ہتھیار چھوڑ دیں اور پھر ہمارے ساتھ مذاکرات کریں۔ بہتر یہ ہے کہ پہلے آپ ان سے کہیں کہ ceasefire ہو اس کے بعد negotiate کریں بجائے اس کہ آپ ان کو کہیں کہ وہ اپنی values کے against جا کر

اپنے ہتھیار چھوڑ کر با ت کریں تو وہ کبھی بھی نہیں کریں گے۔ یہ ایک impractical step ہے۔

Madam Deputy Speaker: Honourable Syed Mohsin Raza.

جناب سید محسن رضا: میڈم سپیکر! جہاں تک Resolution کا تعلق ہے I think it is a very well worded and well considered Resolution however, it states the obvious جہاں تک U.S کے ساتھ relations کا تعلق ہے اس میں Pakistan should now start studying or at least observing or trying to learn something from the modal that Iran has adopted with its relationship with the U.S.A in which it emphasis that all negotiations with the U.S.A would be based on equality ہمارا پہلا Calling Attention Notice تھا اور اس Resolution سے بھی بہت pertinent امام خمینی کی ایک کہاوت مجھے یاد آگئ کہ وہ فرماتے ہیں کہ جب یہودی تمہیں مارنے کے لیے آئے گا تو وہ یہ نہیں پوچھے گا کہ تم سنی ہو یا شیعہ ہو وہ صرف اس لیے تمہیں مارے گا کیونکہ تم مسلمان ہو۔ ہمیں اپنے آپس کے اختلافات اور رنجشیں بھلا کر اس بات پر focus کر نا چاہیے کہ ہم مسلمان ہیں اور پاکستان کے شہری ہیں اور ہمیں پاکستان کو ایک مضبوط مملکت بنانا ہے۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

جناب سید محسن رضا: میڈم سپیکر! انگریزی کی ایک کہاوت ہے کہ one should never fear to negotiate but never negotiate out of fear. Currently ہمارا جو negotiation process with the militants it is all based on our fear of the militants and their ability to disrupt our normal ways of life. ہمیں اس بات کو wreathing کرنا چاہیے کہ ہم either we want to negotiate for some positive outcome or we are simply negotiating because we want to curtail and curb their activities and contain them. This should be considered by our leaders at all forums.

Madam Deputy Speaker: Thank you very much. Each Member just gets two minutes to speak so, please respect the time limit. Honourable Farrukh Jadoon.

جناب فرخ جدون: بہت شکریہ میڈم سپیکر! میرے فاضل دوستوں نے بہت سیر حاصل بحث کر لی ہے۔ میں simply sum up کرنا چاہوں گا۔ میرے محترم بھائی معین صاحب نے بات کی کہ وہاں پر social contract کو بحال کریں۔ سب سے پہلے ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ یہ terrorism ہے کیوں۔ جب آپ نے قبائلی علاقہ جات میں آپریشن شروع کیا تو آپ نے ان کی چار چیزوں کو disturb کیا۔پختون ولی کے concept میں چار بڑی چیزیں ہیں وہ غیرت، بدلہ ہے، اس کے بعد مہمان نوازی ہے اور چوتھی یہ کہ وہ کسی کی writ کو تسلیم نہیں کرتے۔ ان چاروں چیزوں کو آپ نے disturb کیا ہے۔ اب یہ چاروں چیزیں پہلے سے وہاں پر موجود تھیں کیوں کہ وہاں پر ایک so-called social contract موجود تھا۔ آپ اس social contract کو دوبارہ بحال کریں۔ سوسائٹی کے جتنے بھی ادارے ہیں فیملی سے لے کر تعلیم سے لے کر، economic سے لے کر، سیاست سے لے کر مذہب تک آپ ان تمام کی writ بحال کریں۔ کوشش کریں کہ وہ تمام اپنا کردار ادا کریں۔ جب وہ تمام اپنا کردار ادا کریں گے تو خودبخود یہ تمام چیزیں ختم ہو جائیں گی۔French Revolution کی مثال لوگ دیتے ہیں جسے terrorism کی بنیاد کہا جاتا ہے۔ What was Robespierre’s terror from 1793 to 1794, وہ کیوں تھا کیونکہ economic institutions نے اپنا role play نہیں کیا تھا۔ سیاسی اداروں نے اپنا role play نہیں کیا تھا۔ اس کے بعد Russian Revolution اسی وجہ آیا کہ economic institutions نے اپنا role play نہیں کیا تھا۔ اس سے پہلے امریکی revolution تب ہی آیا کہ وہاں پر political institutions نے اپنا کردار ادا نہیں کیا تھا۔ ابھی بھی صرف ایک فیملی اپنا کردار ادا کر رہی ہے باقی کوئی ادارہ اپنا کردار ادا نہیں کر رہا ہے اور آہستہ آہستہ ہم انارکی کی طرف جا رہے ہیں۔ ایک social change آ رہی ہے اور ایک وقت آئے گا کہ ہم سارے اس انقلاب کی رو میں بہہ جائیں گے۔ مہربانی فرما کر اسsocial contract کو بحال کرنے کی کوشش کریں۔ بڑے level پر سوچیں تاکہ ہم اس مسئلہ کا حل پیش کر سکیں۔ شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: Thank you. Honourable Rafique Wasan.

جناب رفیق وسان: شکریہ میڈم سپیکر! اس Resolution میں Pakistan U.S relations پر بات ہو رہی ہے۔ مگر صرف اس پر بات کی جاتی لیکن اسے militancy کو ختم کرنے کے لئے mix کر دیا گیا ہے۔ پاکستان اور امریکہ کے تعلقات کے حوالے سے میں بات کرنا چاہوں گا کہ چونکہ یہ پچھلی ایک دہائی سے especially after 9/11جو سلسلہ war on terror کے حوالے سے چل رہا ہے تو یہ کیسے ممکن ہے کہ آپ ان سے اتنے بڑے level پر امداد بھی لے رہے ہیں، military, developmental and non-developmental funding بھی لے رہے ہیں اور آپ یہ بھی کہہ رہے کہ جلدی میں آپ ان

سے تعلقات ختم کر لیں یا تعلقات کو --- میرے خیال میں ضرورت اس بات کی ہے کہ آپ through National Assembly یا اپنے Senate کے ذیعےیہ voice raise کرے اور امریکہ کو باور کرائے کہ ان کی پالیسی یہاں پر militancy and extremism کو بڑھا رہی ہے۔ ان پر think overکریں، اس کو reconsider کریں بجائے پاکستان کو مزید اس میں دھکیلیں موجودہ امریکی حکومت کو اس کا پابند بنائیں کہ وہ اس پالیسی کو review کریں۔

Madam Deputy Speaker: Thank you. Honourable Rahil Niazi.

جناب راحیل نیازی: شکریہ میڈم سپیکر! میں اپنی بات کا آغاز اپنے بھائی کی بات سے ہی کروں گا جیسا کہ انہوں نے کہا کہ after 9/11 پاکستان کی جو پالیسی تھی یہ اسی کا نتیجہ ہے کہ آج کل کے حالات ہمیں دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ جب سے ہم نے فاٹا اور وانا میں آپریشن شروع کیا ہے اس کے بعد سے وہاں کے حالات ٹھیک نہیں ہورہےبلکہ خراب ہو رہے ہیں۔ In fact میں یہ کہوں گا کہ یہ ایک ایسے bacteria کی مانند ہے کہ جسے ہم جتنا مارنے کی کوشش کریں گے یہ اتنا ہی بڑھتا جائے گا۔ میں اس سلسلے میں کچھ تجاویز دینا چاہتا ہوں۔ ابھی یہاں پر بات ہو رہی تھی کہ ہم militants سے مذاکرات کریں۔ اس سلسلے میں دیکھا جائے تو کچھ militants جن کا وجود پاکستان میں اور کچھ militants Durand Line سے آرہے ہیں۔ اب اگر دیکھا جائے تو Durand Line یا افغانستان کے ساتھ سرحد ہے وہ ہزاروں میلوں پر محیط ہے اور وہاں پر ہر میل کے فاصلے میں چوکی لگانا ہمارے بس میں نہیں ہے۔ اس میں ہم ایسا کر سکتے ہیں جیسا کہ North Korea and South Korea نے کیا کہ جب ان کے آپس کے اختلافات بہت بڑھ گئے تو انہوں نے اپنی پوری سرحد پر mining کر دی تھی۔ ہم بھی ایسا کر سکتے ہیں کہ ہم اپنی سرحد پر جہاں پر ہم اپنی افواج کو deploy نہیں کر سکتے ، جودشوار گزار راستے ہیں وہاں پر mining کر کے کم از کم جو باہر سے آنے والے militants ہیں ان کو روک سکتے ہیں۔ اس کے بعد جو ہمارے مقامی militants ہیں ان کے ساتھ ہم negotiate کر سکتے ہیں۔

دوسری بات یہ کہ اس وقت ہم جو militant action کے خلاف کر رہے ہیں ، ضرورت اس بات کی ہے کہ وہاں پر ہماری افواج ہیں بے شک آپ ان کی تعداد کو کم کردیں لیکن افواج کو وہاں کے حالات کے مطابق training دی جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ militants سے بات چیت بھی کی جائے۔

Madam Deputy Speaker: Thank you. Honourable Hamid Hussain.

جناب حامد حسین: شکریہ میڈم سپیکر! یہاں پر ہمارے ایک فاضل ممبر وقار علی نیئر جن کی میں بہت قدر کرتا ہوں، بہت اچھی تقریر کرتے ہیں لیکن ہرتقریر کے آخر میں وہ کچھ ایسے الفاظ کہہ جاتے ہیں جن کے بارے میں کچھ کہنا ناگزیر ہو جاتا ہے۔ آج انہوں نے اپنی تقریر کے آخر میں یہ کہا کہ اگر drone attacks ہو رہے ہیں اور یہاں پر militants ہیں، لوگ مر رہے ہیں اور list of General Patrusوہ تو ان کو نظر آگئ لیکن اگر ایک القاہدہ کے آدمی کے ساتھ پچیس بے گناہ لوگ مرتے ہیں تو وہ list ان کو کیوں نظر نہیں آتی ہے۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

جناب حامد حسین: آخر میں انہوں نے کہا کہ somebody has to take care about it. تو ٹھیک ہے lets we open to India, Israel ہم ان سے بھی پیسے لے لیتے ہیں، امریکہ بھی ہمیں پیسے دے رہا ہے، ایک ایک دن کی باری رکھ لیتے ہیں، ان کے ساتھ information share کرتے ہیں۔ Lets have Drone attacks on us and pay us اس کے بعدمیں Resolutionکی طرف آتا ہوں اس کے دو حصے ہیں ایک تو خارجہ پالیسی کے حوالے سے بہت زیادہ بات ہو چکی ہے کہ خارجہ پالیسی میں کیا خامیاں ہیں۔ میں ان کا جو حل پیش کروں گا اس میں سب سے پہلے یہ کہ خارجہ پالیسی کو institutionalize کیا جائے۔ جس میں سب سے پہلے پارلیمنٹ کا کردار آتا ہے۔ اس کے بعد Foreign Office اس کے بعد Research Institute and then public opinion اگر ہم اس کو well coordinated کریں تو سب سے پہلے Parliament میں ایک Resolution پیش کی جائے۔ Diplomacy Foreign Office کو دی جائے۔ اس کے علاوہ Research Institutes پوری دنیا میںdeveloped Research Institutes جس طرح کہ lobbies کام کرتی ہیں۔ اگر وہاں پر research ہوتی ہے تو یہاں پر کیوں نہیں ہو سکتی۔ اگر یہاں پر dummy Research Institutes ہیں ان کو ISI کے شکنجے سے نکالا جائے کیونکہ یہاں پر جتنے بھی اسلام آباد میں research institutes کام کر رہے ہیں وہ ISI اور دوسری Intelligence Agencies ان کے اندر کام کر رہے ہیں کیونکہ میں بھی ایسی ہی ایک ایجنسی کا حصہ رہا ہوں تو مجھے ان کے بارے میں کچھ insights معلوم ہیں۔

Madam Deputy Speaker: Honourable you have to wind up your speech.

جناب حامد حسین: جی ٹھیک ہے۔ ISI and GHQ کے کردار کو ہٹایا جائے۔ اس Resolution کا جو دوسرا حصہ ہے وہ militants کے حوالے سے ہے اگر ان کے ساتھ

withdraw کیا جائے تو انہوں نے بہت اچھی بات کی ہے۔ کیونکہ militants کے ساتھ جب تک آپ reconciliation نہیں کریں گے، ان کو واپس آنے کا incentives نہیں دیں گے، اگر آپ ان کو کہیں گے کہ آپ آئیں آپ کا عدالت میں trial کریں گے اور آپ کو پھانسی دے دیں گے اس طرح تو وہ بالکل نہیں آئیں گے۔ کیونکہ وہ اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر نکلے ہیں وہ یہ کہتے ہیں کہ جان تو وہاں بھی جانی ہے اور یہاں پر بھی جانی ہے۔ اس لیے African apathy کی مثال بھی موجود ہے، اس طرح کی ایک reconciliation کی ضرورت ہے ۔ جس طرح جدون صاحب نے social contract کی بات کی lets have a social contract and accommodate these people into our society and lets take initiatives. Thank you

Madam Deputy Speaker: Thank you Sir, Honourable Chaudhry Usman.

جناب وقار اسلم: اس سے پہلے جو personal points raise کیے گئے ہیں میں Point of clarification raise کرنا چاہوں گا۔

Madam Deputy Speaker: Waqar Sahib let us keep it towards the end because we have few people, we will keep it at the end.

جناب چوہدری عثمان: شکریہ میڈم سپیکر! حکومتی بنچوں کی طرف سے اس Resolution کی صورت میں یہ ایک اچھی کوشش ہے جو ایوان میں لائی گئی لیکن میں یہاں پر یہ mention کرنا چاہوں گا کہ ہم یہاں پر legislation بنانے کے لیے یا اس میں improvement لانے کے لیے یہاں پر اکھٹے ہوئے ہیں۔ ہماری Resolutions کی weightage ہے۔ اس میں صرف یہ کہنا موزوں نہ ہو گا کہ this relationship policy with U.S.A should be reviewed ہمیں define کرنا ہو گا کہ کس سمت میں ہمیں اس کو review کرنا ہے۔ ہمیں اس اونٹ کو کس کروٹ بٹھانا ہے، ہمیں حکومتی بنچوں سے یہ پوچھنا ہے ، ہمیں اپنے وزیر خارجہ سے، اپنے وزیر دفاع سے یہ پوچھنا ہے کہ ہمارا وہ کون سا strategic interest ہے جس کو سامنے رکھنا ہے either وہ sovereigntyہے یا financing either our chances of getting towards the default ہے۔ یہ چیز ہمیں define کرنی ہو گی۔ میں یہ چاہوں گا کہ اس Resolution میں term of review کو تھوڑا سا اور interpret کیا جائے، کیونکہ جب قانون بنتا ہے تو اس کی interpretation ہوتی ہے اور یہ کل کو کسی بھی سمت کی طرف interpret ہو سکتی ہے۔

اس کے بعد میں ایک چھوٹی سی بات کرنا چاہتا ہوں کہ ہمیں صرف جہادیوں کو ہی نہیں بلکہ امریکہ کو بھی table پر لانا ہو گا۔ ہمیں بند کمروں میں dictations نہیں لینی ہو ں گی اور ہمیں وہ محرکات جن کی وجہ سے حالات یہاں تک پہنچے ان کو define کرنا ہو گا۔ ہمیں بتانا ہو گا کہ باجوڑ، مہمند ایجنسی اور خیبر ایجنسی میں ساٹھ فیصد لوگ poverty line سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں۔ Literacy rate female میں فاٹا میں صرف 03% ہے۔ There are 800 to 1000 Madassaras working in these areas ان issues کے لیے آپ ہمیں امداد ضرور دو یہ امداد وہ effect دے گی جو آپ کی bombing نہیں دے سکتی۔

Madam Deputy Speaker: Thank you, Honourable Allah Ditta Tahir.

جناب اللہ دتہ طاہر: شکریہ میڈم سپیکر! سب سے پہلے تو میں اس Resolution کی تائید کرتا ہوں۔ ہمیں یہ دیکھنا ہو گا کہ آج تک یہ چیز ہمیں کیوں سمجھ نہیں آئی کہ امریکہ نے 1949ء سے لے کر آج تک ہمارے ساتھ diplomatic relation رکھا ہوا ہے۔ 1949ء کے بعد انہوں نے اعلان کیا کہ Pakistan is our alley and in 1950s it was internationally said that Pakistan is the most allied alley of America in Asia لیکن اس کے بعد جب 1965ء کی جنگ ہوئی تو اس وقت امریکہ کہاں تھا، اس نے support کیوں نہ کی۔ اس کے بعد 1975ء میں کچھ stability ہوئی۔ 1979ء میں دیکھیں تو پھر ہماری economic support کو بند کیا گیا۔ اس کے علاوہ اگر 9/11 کی بات آئی ہے تو پھر ہمارے ساتھ war on terror کے نام پر تعلقات بہتر کیے گئے ہیں۔ ہمارے سابق Dictator President میرے خیال میں ویسے تو وہ بہت جرأت مند انسان تھے اور کسی کی نہیں سنتے تھے، انہوں نے نو سال اس ملک پر قبضہ کیے رکھا لیکن وہ 6th November کی ایک ہی statement سے ڈر گئے کہ جب American President said either you are with us or against us, تو انہوں نے کہا کہ ہمیں stone age میں بھیج دیا جائے گا۔ وہ بڑے فخر سے اپنی کتاب میں لکھ رہے ہیں کہ we captured 689 and handed over 369 to U.S.A. and we have earned millions of dollars. What is this? اس کے بعد میں solutions کی طرف آتا ہوں کہ ہمارے صدر زرداری صاحب کے امریکہ کے پچھلے دورے کے موقع پر N.W Peterson said in his address in National Management College کہ ہم موجودہ پاکستانی democratic set up ان کے ساتھ پورا پورا تعاون کرنے کے لیے تیار ہیں تو حکومت کو اس چیز پر stress کرنا چاہیے کہ ہمارے اپنے strategic interests ہیں چاہے وہ in the sense of sovereignty, either that in sense of

پر ہمارے پر امن international image, either that in sense of interior level معاشرے کا، اس پر ان سے بات کرنی چاہیے۔

Madam Deputy Speaker: Thank you very much, Honourable Nishat Kazmi.

جناب نشاط کاظمی: بہت شکریہ محترمہ سپیکر صاحبہ۔ یہ Resolution جیسا کہ majority of the Opposition نے کہا ہے کہ حکومت کی طرف سے یہ بہت اچھی کوشش ہے کہ ہماری policies towards war on terror and U.S.A انہیں consider کیا جائے۔ میرے خیال میں ہم لوگوں کو کافی realistic ہونا پڑے گا۔ میں زیادہ تفصیل میں اس لیے نہیں جانا چاہوں گا کہ یہ ایجنڈا کل کے لیے بھی ہے تو کل اس پر debate کریں گے لیکن یہاں پر کافی اچھے points about our relationship with the U.S اٹھائے گئے ہیں and I think اس نے ایوان کو بہت guide کیا ہے۔ I have noted down many points and I hope many other members have noted down many other points about our foreign policy and our relationship with the جب کلdebate ہو گی United States so, I look forward کہ کل بہت ہی constructive debate ہو اور اس کو دوبارہ take up کیا جائے۔ شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: Thank you, Honourable Zameer Ahmed Malik.

جناب ضمیر احمد ملک: بہت شکریہ میڈم سپیکر صاحبہ! یہاں war on terrorپر بات ہو رہی ہے۔ War on terror سے اگر ہم پیچھے ہٹیں گے تو ہمارے تعلقات امریکہ سے خراب ہوں گے۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ 1952-53ء میں یا اس کے بعد ایک وقت تھا کہ خواجہ نظام الدین نے امریکہ جا کر کہا کہ ہمارے پاس گندم نہیں ہے۔ 1965ء میں ہم امریکہ پر تکیہ کر کے بیٹھے ہوئے تھے، 1971ء میں امریکہ پر تکیہ کر تے رہے اور جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ امریکہ نے ہمیں ایک فون کر دیا، مجھے یہ بتائیں کہ 1986ء میں CIA کا ایک آفیسر ہندوستان کیوں گئے، وہاں وہ یہ کہنے گئے تھے کہ پاکستان کے پاس ایٹم بم ہے، جنگ کی طرف مت جانا۔ میں آپ کو یہ بھی بتانا چاہتا ہوں کہ war on terror سے جب ہم پیچھے ہٹیں گے ، جب ہم اپنی افواج کو وہاں سے واپس بلوا لیں گے تو چائنا کی سرحد بھی ہمارے ساتھ ہے وہاں بھی ایک separates movement چل رہی ہے، جو Muslim Separates Movement ہے۔ اس کا ایک لیڈر کچھ عرصہ پہلے ہماری سرحد کے قریب مارا گیا۔ جب ہم یہاں سے فوج کو ہٹائیں گے تو ظاہر سی بات ہے یہ جہادی اپنی زیادہ توجہ اس سرحد کی

طرف بھی لے جائیں گے کیونکہ چائنا کے xinjiange province میں یہ separates movement چل رہی ہے القاہدہ کا اس میں پورا پورا ہاتھ ہے۔ جب یہاں پر طلعت حسین صاحب بات کر رہے تھے تو میں نے ان سے یہ سوال کیا تو انہوں نے کہا کہ ہاں ہمارے policy makers کے پاس یہ مسئلہ آیا ہوا ہے کہ اگر فوج کو وہاں سے ہٹایا گیا تو یہ مسئلہ بن جائے گا۔ میں آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ فوج کو نہیں ہٹا سکتے کیونکہ ہم چائنا سے بھی اپنے relations ختم نہیں کر سکتے ہیں تو بجائے اس کے کہ war on terror پر پیچھے ہٹیں، ہمیں یہ جنگ لڑنی ہو گی، یہ ہماری جنگ ہے ، یہ امریکہ کی جنگ نہیں ہے۔ کیوں؟یہ امریکہ کی جنگ کیوں نہیں ہے، مجھے بتائیں یہ دہشت گرد سکول بھی تباہ کر سکتے ہیں، یہ دہشت گرد کہتے ہیں کہ ہم اپنی state بنائیں گے ۔ ہم سوات کے لوگوں کو دہشت گرد نہیں کہتے وہ شریعت کا مطالبہ کر رہے ہیں اور طالبان بھی دو قسم کے ہیں۔ ہم فوج سے بھی یہ کہتے ہیں کہ آپریشن کرنا ہے تو ٹھیک طرح کرو war on terror پر امداد لےرہے ہو تو ٹھیک طرح کرو۔ آرمی کیا کر رہی ہے ایکpro-Pakistan Taliban ہیں ان کے خلاف آپریشن نہیں ہو رہا ہے، آپریشن ان طالبان کے خلاف ہو رہا ہے جو anti-Pakistan Taliban ہیں۔ مولوی نزیر کے خلاف آپریشن نہیں ہو رہا، بیت اللہ محسود وغیرہ کے خلاف آپریشن ہو رہا ہے۔ فوج کو چاہیے کہ اگر war on terror پر جنگ لڑنی ہے تو تمام طالبان کو ختم کریں نہ pro-Pakistan چاہییں نہ anti-Pakistan چاہییں۔ شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: Thank you. Honourable Sameer Anwar Butt, he is not here, Honourable Shahbaz Zaheer.

Mr. Shahbaz Zaheer: Thank you very much Honourable Speaker! Much has already been debated on this topic. I would just come straight to some of the recommendations. The external factor i.e., Pakistan U.S.A relations we can talk it about more. Today I would like to assess more on the internal factors what we can do internally within the country i.e., we need to respect the mandate of the people more over to that a political dialogue needs to be geared up if we are sincere to it. We are already into a step towards democratic institution but what’s more important to i.e., we need to strengthen it and that’s the only way how it should favour towards the Pakistan’s strategic interests and more over to that we need to look at the root causes of it, which is actually that the basic necessities on the rights

of the people that are not being provided, that is the root cause. Thank you very much.

Madam Deputy Speaker: Thank you. Honourable Waqar Nayyar you have to make some clarifications and if you could kindly answer the question asked by Mr. Usman.

جناب وقارنیئر: جی ٹھیک ہے۔ First of all very quickly answer that question, ہم میں سے بھی کوئی بھی یہ نہیں چاہتا کہ aerial bombing کے نتیجے میںcivilian casualties ہوں۔ مگر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آج وہاں پر foreign element موجود ہے جس کے پاس پیسوں کے صندوقوں کے صندوق بھرے ہوئے ہوں جو کہ نامعلوم کہاں سے آئے ہیں، اگر آپ اس کو وہاں رہنے دیں گے تو کل کو وہ بیس اور لوگوں کو training دے گا اور اگر اب aerial bombing میں پچپن لوگ مرتے ہیں تو کل وہاں پر آٹھ آٹھ سو لوگوں کوذبح کر کے ڈال دے گا۔ پھر آپ کس کے پاس آئیں گے کہ ہمیں بچاؤ، اگر اب یہ expediency نہ کی جائے ہر چیز کا cost benefit analysis ہوتا ہے اور یہ cost benefit analysis بہت detail میں کیا گیا ہے۔ کوئی وجہ ہے جبکہ پاکستان بھی اپنی external sovereignty پر تھوڑا بہت compromise کر رہا ہے کیونکہ اگر اس problem کو آپ نے curtail نہ کیا تو کل کو یہ spiral out of control ہو جائے گا۔ کل اس کو handle کرنا آج سے بھی کئ گنا مشکل ہو جائے گا۔ پھر یہی لوگ جو آج کہہ رہے ہیں کہ بنوں میں ہمارے لوگ مر رہے ہیں کہیں گے کہ ہمیں ان elements سے بچاؤ جو ہمیں پتھر کے زمانے میں دھکیل رہے ہیں، جو ہمیں ذبح کر رہے ہیں اور جو کسی کے کہنے میں نہیں آرہے ہیں۔یہ صورتحال بھی create ہو جائے گی۔

دوسرا important point یہ کہ یہاں پر aerial bombing پر بہت بات کی گئ ہے Resolution کے moversمیں سے کسی نے بھی اس Resolution کے text کے اندر یہ نہیں لکھا کہ وہ ان aerial bombings کو condemn کرتے ہیں یا نہیں کر تے۔ I would like some clarity on this issue you want to talk about it, talk about it openly, if you don't talk about it then no talk about it. Thank you

Mr. Ahmed Noor: Madam my Point of clarification on this topic.

میڈم ڈپٹی سپیکر: جی بولیں آپ۔

جناب احمد نور: وہ مذمت کی بات کر رہے ہیں کہ کسی نے نہیں کی ہے۔ ہم پانچ دنوں سے مذمتی قرارداد لانے کی کافی کوشش کر رہے ہیں لیکن پتا نہیں کہ وہ کون سی forces ہیں جو اس کا راستہ روک رہی ہیں۔

Ch. Usman Ahmed: Point or Order.

Madam Deputy Speaker: Yes Usman Sahib.

جناب چوہدری عثمان: میڈم سپیکر! یہ سوال صرف one liner answer مانگتا کہ وہ کیا revision ہے جو آپ لے رہے ہیں اور اس اونٹ کو کس طرف بیٹھا رہے ہیں۔

Madam Deputy Speaker: I would request the Foreign Minister to answer that question.

جناب سمیر انور بٹ (وزیر خارجہ): میڈم سپیکر! اس سارے مسئلے کو میں صرف three points پر base کروں گا۔ first of all آپ کی economic situation ہے اس پر، آپ کی foreign policy جتنی dependent ہے اس پر بات ہو گی۔ Secondly, terrorism rise ہونے کی وجہ کیا ہے اور thirdly, کیا ہم ان جہادیوں سے بات کرنے کو تیار ہیں یا نہیں۔ ہماری economyاتنی کمزور ہے کہ اگر ہم کسی اور کی dictation نہ لیں تو ہماری economy چلنے سے انکار کر دیتی ہے۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ ہم نے ایک dependence خود generate کیا ہے۔ اگر آپ کہیں گے کہ ایک دن کا solution نکالا جائے تو ایسا کو ئی solutionنہیں ہے۔ Over the long run اگر ہم اپنے financial structure پر build up کرتے ہیں اور اپنی financially independence via MNCs, via other industrialization process obtained کرلیتے ہیں تو ہم لوگوں کی foreign policy خود بخود independent ہو جائے گی اس میں سے American element بھی نکل جائے گا اور اس کی dependency پوری دنیا میں پھیل جائے گی۔ جس کا مطلب ہے کہ ہم neutral قسم کی پالیسی بنا پائیں گے۔ Terrorism rise ہونے کی وجہ یہ ہےکہ جب لوگوں کی آواز نہیں سنی جاتی، اب ایک بندہ کچھ کہہ رہا ہے اس کی کوئی political say ہی نہیں ہے تو وہ کیا کرے ، وہ militancy extremist کی طرف resort کرتا ہے۔ اب ہمارے Northern Regions میں یہ ہی مسئلہ چل رہا ہے کہ ان کی political say ختم ہو گئی ہے۔ حکومت ان کی بات سننے کو تیار نہیں ہے، وہ حکومت کی بات سننے کو تیار نہیں ہیں۔ اس سے یہ erupt کر رہا ہے۔ ہم نے اس مسئلے کو بہت strategically plan کرنا ہے اور اس مسئلے کو حل کرنا ہے۔

میڈم سپیکر! جہادیوں پر بات کرنے کا مسئلہ یہ تھا کہ جو arms کو lay down کر دیتے ہیں well and good ان سے بات کی جائے لیکن حکومت کی writ کو کسی قسم کا چیلنج نہیں ہونا چاہیے بے شک افواج کو استعمال کرنا پڑے یا نہ کرنا پڑے۔ شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: Thank you.

(مداخلت)

Madam Deputy Speaker: Moeen Sahib due to shortage of time we can not take any clarification, please sit down if the consensus of the House is developed we can take the Resolution to tomorrow as well but because we are out of time we have to end it up here. Yes Mr. Esaam Rehmani Sahib.

جناب محمد احسام رحمانی: میڈم سپیکر! آپ کا شکریہ۔ I heard something to talk about this Resolution پہلی بات یہ کہ میں appreciate کرتا ہوں and I am overwhelmed that Resolution like this has been brought forward to us by the Blue Party. Secondly, میں اس میں یہ چاہوں گا کہ یہ تھوڑی سی وضاحت کر دیں اور add points کر لیں کیونکہ whatever they are saying is conflicting. Thirdly, جناب ضمیر ملک صاحب جو کہ وزیر تعلیم ہیں ان کو respond کرنا چاہ رہا ہوں اور ان کو یہ بتانا چاہ رہا ہوں کہ انہوں نے جو بات کہی ہے کہ یہ ہماری جنگ ہے، اس میں یہاں پر تھوڑا سا اس ایوان کی توجہ کے لیے ایک چیز لانا چاہ رہا ہوں، میرے ہاتھ میں اس وقت one of the leading newspaper of Pakistan اور میں 25th September, 2008 کا issue پڑھ کر بتا رہا ہوں جہاں پر ایک heading میں لکھا ہوا we are in a state of war. میں اس event کے بارے میں بتا دوں ہمارے صدر جناب آصف علی زرداری صاحب نیویارک گئے ہوئے ہیں اور یہ خبر 24th September, 2008 ہے۔ I quote "He says we have to increase the appetite for the acceptance of that we are in a state of war." Now I will repeat for those who did not listen to me that we have to increase the appetite of the acceptance of that we are in a state of war. Now what this means is that ہم نے لوگوں کو بتانا ہے کہ we are in a state of war حالانکہ وہ اس کو accept نہیں کررہے کہ یہ ہماری جنگ ہے، پہلی بات اور دوسری بات یہ کہ ہم آپ کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ There is two points جو وہ یہاں پر clearly mention کر رہے ہیں۔ اگر آپ اسی اخبار کے main heading page کو کھولتے ہیں تو اس میں کچھ

سات سے آٹھ خبریں ہیں اور سات سے آٹھ خبریں اس طرح کی باتیں کرتیں ہیں وہی جو یہ چاہ رہے ہیں کہ یہ جنگ ہماری کہلائی جائی this would be our strategic interest اس کو follow کرتی ہیں۔ پہلی خبر یہ کہتی کہ security agencies ask to get their apt together دوسری خبر یہ کہتی ہے کہ three brothers are executed in WANA. چوتھی کہتی ہے کہ 34 dies in severe Bajour clashes. آپ یہ دیکھیں کہ ہر خبر اس point کو achieve کرنے کی کوشش کر رہی ہے کہ کسی طریقے سے ہم لوگ اس چیز پر پہنچ جائیں کہ یہ جنگ ہماری ہے۔ میں اس ایوان سے پوچھتا ہوں کہ اسی اخبار میں یہ جو بچی ہے یہ ہماری بیٹی، بہن ہے is she a terrorist? Is she a terrorist? یہ جنگ ہماری کبھی تھی ہی نہیں۔ کیا یہ اس معصوم بچی کی جنگ ہے۔ اس طرح کی باتیں نہیں ہونی چاہییں تھیں۔ یہ جو Resolution لے کر آئے ہیں میں اس بارے میں اتنا overwhelmed تھا اور میں نے کہا کہ شکر ہے ہم لوگ بھی اس بات کو realize کر رہے ہیں کہ کیا یہ جنگ ہماری ہے۔ یہ تو سارا ایک artificial flaw ہے جو ہمیں بتانے کی کوشش کر رہا ہے یہ جنگ لڑو، یہ آپ کی جنگ ہے۔ حالانکہ یہ جنگ نہ کبھی ہماری تھی، نہ ہے اور نہ کبھی ہو گی۔

Madam Deputy Speaker: Thank you Mr. Esaam Rehmani. Actually none of the movers of the Resolution claimed that and everybody has his/her right Mr. Zameer has own opnion regarding it and I would just ask the Youth Prime Minister if he wants to take it for tomorrow for more debate or we just pass it on.

جناب احمد علی بابر (وزیراعظم): شکریہ میڈم سپیکر! اس سے پہلے کہ یہ Resolution House کے سامنے voting کے لیے رکھی جائے یہاں پر کچھ باتیں واضح کرنا ضروری ہیں۔ ہم لوگوں نے militants کے ساتھ negotiate کرنے کی بات کی۔ جہاں تک جناب ضمیر صاحب یا پارٹی کے دوسرے ممبران نے کہا کہ یہ ہماری جنگ ہے تو ہماری جنگ کا مطلب یہ تھا کہ ہم نے اپنی جنگ غربت اور افلاس کے خلاف جنگ لڑنی ہے، ان لوگوں کے خلاف جو ان غریب لوگوں جس طرح احسام رحمانی نے وہ تصویر دکھائی، ان لوگوں کے خلاف جو سوات کے چوکوں میں لا کر ذبح کر دیتے ہیں، ان لوگوں کے خلاف ہم نے جنگ لڑنی ہے تاکہ یہ لوگ امن و خوشحالی کے ساتھ پاکستان میں زندہ رہ سکیں۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

ہماری جنگ ان foreign elements کے خلاف ہے جو پاکستان میں stability نہیں دیکھنا چاہتے تو یہ ہے ہماری جنگ، ہماری جنگ کبھی بھی پاکستان کے عوام کے خلاف نہ ہی

رہی ہے اور نہ ہی اس Resolution کے movers کا motives نہ ڈھکے چھپے الفاظ میں رہا ہے اور نہ وہ openly اس بات کے بارے میں کوئی بات کریں بلکہ ہماری جنگ تو ان elements کے بارے میں ہے جن کے بارے میں، میں نے بات کی ہے۔ اس بات کو appreciate کرنا چاہیے کہ کبھی بھی ہمارے ایوانوں میں تو یہ بات ہوئی ہی نہیں کہ امریکہ کے تعلقات کو تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ ہمارے اوپر جو policy impose ہوتی ہے کم از کم آج اس پر بات تو ہوئی ہے ۔ اگر آج اس پر بات ہوئی ہے تو کل یہ policy change ہو گی اور انشاء اللہ اپنی عوام کے ساتھ مل کر رہیں گے۔

جناب سپیکر! میرے خیال میں چونکہ ایوان میں consensus developed ہو چکا ہے ، ہم نے define کر لیا ہے کہ ہماری جنگ کن کے خلاف ہے تو اس Resolution کو ایوان کے سامنے voting کے لیے رکھا جائے تاکہ ہم اس پر voting کروا سکیں۔

Madam Deputy Speaker: Thank you, before I put the Resolution to the House I would just need to clarify one thing that if a consensus is derived by the whole Youth Parliament on something، it will give a great impact to all the people who will get to know about it. Whenever we put the Resolution to the House there just probably one or two people who make noises out of it and because of them we can not unanimously adopt the Resolution. This forum is a very serious forum, its not about jokes and if you give a message out to the youth there, to the world out there that we at least the youth of Pakistan is unanimous about something, it will give a great and lasting impression.

Now I put the Motion to the House it has been moved that "this House believes that our relationship with U.S.A vis-à-vis the war on terror should be reviewed in light of pakistan's strategic interest, furthermore, the government must seek to negotiate with all militant elements ready to lay down arms, so, that the military deployment can be gradually reduced".

(Then the Motion was adopted unanimously)

Madam Deputy Speaker: The House stands adjourned to meet again on 22nd February, 2009 on Sunday at 10:00 a.m.

(The House was then adjourned to meet again on 22nd February, 2009 at 10:00 a.m.)